کل نمبر:25 **اُردو(ششم)ٹیسٹ نمبر2** **وقت:30ٹ**

دوسرا مہینا، چوتھا ہفتہ، پانچواں دن	**سلیبس**: دُہرائی ٹیسٹ سلیبس (چوتھا ہفتہ)

(حصہ اوّل)

سوال نمبر1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(13)**

1۔ دُرُست تلفُّظ ہے:

(الف)	مغ۔فِ۔رَ۔ت	(ب)	مغفر۔ت	(ج)	مُغ۔فرت	(د)	تمام دُرُست

2۔ پروفیسر کریم بخش کے مطابق مُصنّف کے جسم میں ہے شکر کی:

(الف)	زیادتی	(ب)	کمی	(ج)	مٹھاس	(د)	قِلّت

3۔ بعض لوگ صبر والے ہوتے ہیں ہمیں سوری .... کہنے کی مُہلت مل جاتی ہے۔

(الف)	میں آپ کا نام بُھول گیا	(ب)	میں آپ کا فون نمبر بھول گیا
(ج)	رانگ نمبر	(د)	بعد میں فون کریں

4۔ میر باقر کے بقول مُصنّف کی وفات سے نا قابل تلافی نقصان پہنچے گا:

(الف)	شاعری کو	(ب)	محلّے کو	(ج)	کرکٹ کو	(د)	ادب کو

5۔ ایک مرچنٹ کا نمبر کچھ ایسا ہے کہ اس کے اور ہمارے فون نمبر میں فقط.................. عدد کا فرق ہے۔

(الف)	ایک	(ب)	دو	(ج)	تین	(د)	چار

6۔ میر باقر علی ہیں:

(الف)	ریٹائرڈ چوکی دار	(ب)	ریٹائرڈ تھانے دار	(ج)	ریٹائرڈ پروفیسر	(د)	ریٹائرڈ صوبے دار

7۔ دُرست تلفظ ہے:

(الف)	نُ۔ہ۔ا۔ر	(ب)	نُہا۔ر	(ج)	نِ۔ہا۔ر	(د)	تمام درست

8۔ شیخ نبی بخش کی بیوی کا بھانجا سب کچھ چھوڑ چھاڑ کے چلا گیا:

(الف)	امریکا	(ب)	دُبئی	(ج)	کراچی	(د)	کینیڈا

9۔ شیخ نبی بخش ہیں:

(الف)	تاجر	(ب)	حکیم	(ج)	خانساماں	(د)	ٹھیکے دار

10۔ میر باقر علی انتظار کر رہے تھے ٹرک کا:

(الف)	کتابوں کے	(ب)	اینٹوں کے	(ج)	ریت کے	(د)	سامان کے

☆ **درج ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر11، 12اور13 کے جواب دیں۔**

شیخ نبی بخش تاجرِ چرم ہمارے محلّہ دار ہیں۔ ان سے علیک سلیک ہے۔ گاڑھی چھننے والی کوئی بات نہیں۔ ہمیں ان کے حسن اَخلاق کا بھی اندازہ نہ تھا۔ ہمارے بیمار ہونے کے بعد سب سے پہلے وہی تشریف لائے۔ ہماری پٹّی سے لگ کر بیٹھ گئے۔ تعزیت کرنے والوں کا مُنھ بنایا اور پوچھا کیا شکایت ہے؟

ہم نے کہا ’’آپ سے ہمیں کوئی شکایت نہیں، واللہ نہیں۔‘‘

فرمانے لگے میں تو آپ کی بیماری کا پوچھ رہا ہوں۔ تب ہم نے بتایا کہ معمولی کھانسی ہے، بخار ہے۔ بولے، اس کو معمولی نہ جانیے گا۔ میری بیوی کے بھانجے کو بھی یہی عارضہ تھا۔ آپ ہی کی عمر کا رہا ہوگا۔‘‘ حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا۔

11۔ مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ اور نوجوان نسل	(ب)	چڑیا کی نصیحت
(ج)	ذرا فون کرلوں؟	(د)	یومِ دفاعِ پاکستان

12۔ چرم کا معنٰی ہے:

(الف)	چمڑا	(ب)	کھال	(ج)	پوست	(د)	تینوں دُرست

13۔ ’’گاڑھی چھننا‘‘ کا دُرست مفہوم ہے:

(الف)	کمال محبت ہونا	(ب)	لسّی کو گاڑھا کرنا	(ج)	گاڑھی لسّی پی لینا	(د)	گاڑھی لسّی کو چھان لینا

حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔ **(کل نمبر12)**

(حصہ دوم)

سوال نمبر1: پابندیٔ وقت کے عنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر2: پروفیسر کریم بخش کے مطابق مُصنّف کو کیا بیماری تھی اور اُنھوں نے کیا علاج تجویز کیا؟ **(2)**

(حصہ سوم)

سوال نمبر1: والدہ صاحبہ کے نام خط تحریر کریں جس میں اُن کی صحت کے بارے میں پوچھا گیا ہو۔

سوال نمبر2: رسید راہ داری تحریر کریں۔